ہم اعمال کی کتاب کے اختتامیہ حصہ میں داخل ہو چکے ہیں۔ اعمال کی کتاب پہلے باب کی ۸ویں آیت کے گرد گھومتی ہے۔ یہ وہ حکم ہے جو یسوع مسیح کی طرف سے شاگردوں کو ملا اور تمام شاگردوں اور رسولوں نے رُوح القدس کی اس تحریک اور یسوع مسیح خوشخبری کی گواہی کے لئے خدمت انجام دی۔ جس کا آغاز یروشلیم سے ہوا۔ اور یروشلیم سے شروع کر کے زمین کی انتہا تک خداوند یسوع مسیح کی گواہی دی۔ گواہی کا یہ سلسلہ رومہ کی طرف بڑھ رہاتھا۔ روم مذہبی اور معاشرتی اعتبار سے یروشلیم کے مدِ مقابل تھا۔ کیونکہ روم کے لوگ غیر قوم تھے۔ اور یہودی اُن سے کسی قسم کا برتاؤ نہیں رکھنا چاہتے تھے۔ لیکن روم برسرِ اقتدار تھا اور یروشلیم اس کے ماتحت تھا۔ لیکن رومہ کے لوگ اپنے اختیار اور فوجی عسکریت کی وجہ سے زور میں تھے۔

گواہی کا یہ حکم یسوع مسیح کی طرف سے دِیا گیا تھا۔ اور شاگردوں نے بھی خداوند کی تابعداری کی اور اُس کی قیامت اور جی اُٹھنے کی گواہی جا بجا نہ صرف یہودیوں میں بلکہ غیر قوموں میں بھی دی۔ اسی کے نتیجہ میں ابتدائی کلیسیا قائم ہو۔اور ابتدائی کلیسیا نے بھی ایذا رسانی کے باوجود یسوع مسیح کی گواہی دینا جاری رکھا۔ اُن کی مشکلات خوشخبری کی راہ میں رکاوٹ نہیں تھیں۔ کیونکہ جہاں کہیں وہ جاتے گواہی دیتے تھے۔

اعمال کی کتاب میں ہم نے یروشلیم کے اندر شہر میں مختلف جگہوں پر، ہیکل میں اور صدر عدالت اور بزرگوں کے سامنے یسوع مسیح کے نام کی گواہی سُنی ہے۔ قید میں، بازار میں، افسس میں، کرنتھس میں، شخصی گفتگو میں، اورپولس ور برنباس اور دوسرے رسولوں نے سبت کے دن، ہفتہ کے عام دنوں میں ہر جگہ خوشخبری کا کام کِیا، ایذا رسانی بھی برداشت کی۔

اب ہم اعمال کی کتاب کے ۲۵ویں باب کا مطالعہ کر رہے ہیں پولس رسول رومی سرداروں اور عہدیداروں کے سامنے بھی گواہی پیش کر رہا ہے۔ یوں خداوند خدا خوشخبری کے بھید کو ہر ایک شخص پر ظاہر کر رہا ہے اور رسولوں کو خوشخبری کے لئے کثرت سے استعمال کر رہا ہے۔ پولس رسول نے غیر اقوام میں گواہی دی۔ اور کلیسائیں قائم کیں اس کا گواہی اُس یروشلیم کی کونسل میں دی۔ اور اپنے مشنری سفر کی کامیابی کی رپورٹ کلیسیا کے بزرگوں کو دی۔ ہم نے اس باب میں دیکھا جب پولس کلودیس لوسیاس کے سامنے اور یہودی صدر عدالت والوں کے سامنے اُن کے جوابات دے رہا تھا، اور وہ اُس پر طرح طرح الزامات لگا رہے تھے۔ اور ہم نے دیکھا کہ یہودی صدر عدالت کے لوگ اور عام یہودی کس قدر اُس کے خلاف تھے اور اُس قتل کرنے کے منصوبے کر رہے تھے۔ اور نہ صرف یہودی بلکہ رومی حاکم فیلکس نے بھی چالاکی کی۔ اور پولس پر کسی قسم جرم ثابت نہ ہونے کے باوجود اُسے قید ہی میں رہنے دیا۔ کیونکہ اُس نے اپنے اقتدار کو معتبر سمجھا اور یہودیوں کو اپنا احسان مند کرنے کے لئے پولس کے حق میں کوئی فیصلہ نہ دیا، حالانکہ اُس کے اختیار میں تھا۔ کہ وہ پولس کے بارے میں فیصلہ صادر کرے۔ تاہم اُس نے پولس سے رشوت کی توقع کی۔ لیکن پولس نے اس امر میں فیلکس کی بات نہیں مانی۔

لیکن رُوحانی اعتبار یہ بات قابل اعتراض نہیں کیونکہ اس سارے معاملہ میں خدا کا ہاتھ کارفرما تھا، خدا پولس کو اپنی گواہی کے لئے رومہ میں استعمال کرنا چاہتا تھا۔ پولس اگرچہ غیر اقوام میں دور دراز خدمت کا کام کر چکا تھا، اب خدا اُسے رومہ میں اپنی گواہی کے لئے لے جانا چاہتا تھا۔ اسلئے پولس نے قید میں، مشکل میں جہاں کہیں اُس کی خدمت کی ضرورت تھی، اُس نے گواہی دی۔ اور خوشخبری کا کام کیا۔ پس نے اپنی بُلاہٹ کا

جواب پورے ایمان سے دیا۔ پولس کو جہاں کہیں موقع ملا اُس نے خوشخبری دینے سے گریز نہیں کیا اور ہر طرح سے خطرے کے باوجود یسوع مسیح کے نام کی گواہی دی۔ یسوع کے بارے میں بتایا۔ اُس کے وسیلہ سے ابدی نجات کی خوشخبری دی۔ پولس نے یہودی صدر عدالت کے ساتھ علمِ الٰہی کے مطابق بات کی۔ کیونکہ اُس پر لگائے گئے الزام مذہبی بنیاد کے تھے۔ اس لئے اُس نے تمام الزامات کا جواب علمی اور ادبی اعتبار سے شریعت کے مطابق دیا۔

اسکے بعد پولس نے غیر قوم رومی حاکموں کے سامنے بھی ان باتوں کا بیان کِیا اور اُس پر لگائے الزام کو بے بنیاد ثابت کِیا۔ اوریہودی مخالفین پولس کے خلاف اُن الزامات کو ثابت نہیں کر سکے تھے۔ اعمال ۲۴ ویں باب میں فیلکس کے سامنے پولس کی مقدمہ کی پیشی کا بیان ملتا ہے۔ لیکن فیلکس نے پولس کے حق میں کوئی بہتر فیصلہ نہیں کیِا بلکہ اُسے قید ہی میں رہنے دیا۔ پولس گزشتہ دو برس سے رومیوں کی قید میں تھا، حالانہ اُس پر لگائے گئے الزامات بے بنیاد تھے ۔

پولس کے خلاف کسی قسم کا فیصلہ بغیر ثبوت کے نہیں لیِا جا سکتا تھا کیونکہ وہ رومی شہری تھا۔ پولس رسول دو سال تک قید میں رہا، لوقا کے لئے یہ بڑا استحقاق تھا کہ وہ ان دو سالوں میں خوشخبری کا کام جاری رکھے۔ کُرنیلس قیصریہ ہی کا رہنے والا تھا۔ ان دنوں لوقا نے کُرنیلیس اور دوسرے مسیحی ایمانداروں کے ساتھ رفاقت رکھی۔ اُس نے پولس کی قید کے باوجود خوشخبری کا کام جاری رکھا۔ اور جن کلیسیاؤں کو پولس نے قائم کیِا تھا وہاں خوشخبری پھیلاتا رہا۔

فیلکس نے پولس کو قید ہی میں رہنے دیا۔ اور پولس کو بُلا بُلا کر اُس سے بات کرتا تھا کیونکہ وہ اُس سے رشوت کا امید وار تھا۔ یوں پولس تقریباً دو برس تک قید میں رہا۔ فیلکس کی تبدیلی ہو گئی ۔ اوراُس کی جگہ فیستُس گورنر مقرر ہوا۔ فیستُس قیصریہ میں حاکم مقرر ہوا۔ اُس نے بھی سیاسی ماحول کو برقرار رکھنے اور یہودیوں کو احسان مند کرنے کی غرض سے پولس کے حق میں فیصلہ نہیں دیا۔ حالانکہ وہ بے قصور تھا۔

اعمال ۲۵ ویں باب کی ۱۳ویں آیت میں ہم ہیرودیس اگرپا کے خاندان کا ذکر پڑھتے ہیں۔ فلسطین میں اس خاندان کا کافی سیاسی اثرو رسوخ تھا۔ یہ خاندان تقریباً ایک صدی سے سیاست میں تھا۔ ہیرودیس اعظم سے اس خاندان کے سیاسی ماحول کی بنیاد ملتی ہے۔ اور ہیرودیس اعظم کا بائبل مقدس کے نئے عہدنامہ کا سرگرم کردار مانا جاتا ہے۔ کیونکہ یسوع مسیح کی پیدائش کے وقت اُس نے یروشلیم میں دو دو سال کے بچے قتل کروا دئے تھے۔ وہ بڑا ظالم بادشاہ تھا۔

ہیرودیس بادشاہ رومی قیصر کے بڑا گہرا دوست تھا۔یوں وہ اپنی سلطنت کے حصہ میں مرضی کا مالک تھا۔ اگرِپّا ۳۷ عیسوی کو برسراقتدار ہوا۔ یہ ''اگرپا'' ہیرودیس اگرپا اول کا بیٹا تھا۔ ہیرودیس اگرپا اوّل نے اعمال ۱۲ ویں باب میں یعقوب کو قتل کروایا تھا۔

اگرِپّا اپنے باپ کی وفات کا کم عمر تھا۔ اسلئے اُسے فوراً باپ کی جگہ باپ کی جگہ جانشین مقرر کرنا مناسب نہیں تھا۔ لیکن بعد میں کلودیس نے اگرِپّا کو بادشاہ کا لقب دیا اور اُسے فلسطین کا شمالی اور شمال مشرقی علاقہ دیا۔ اعمال ۱۲ویں باب میں ہیرودیس اگرِپّا اول ہے۔ اور اعمال ۲۵ ویں باب میں جس اگرِپّا کا ذکر ہم پڑھ رہے

ہیں یہ اگرِپّا دوم کے نام سے جانا جاتا ہے۔ نئے عہدنامہ میں ہم ہیرودیاس کا ذکر بھی پڑھتے ہیں۔ اس کی شادی اُس کے ماموں فلپس سے ہوئی تھی لیکن جب فلپس کے بھائی ہیرودیس انتپاس نے ہیرودیاس کو دیکھا تو وہ اُس پر فریفتہ ہو گیا۔ اور اُسے لے لیا۔ یوحنا بپتسمہ دینے والے نے ہیردیس انتپاس کو ملامت کی ۔ جس پر بادشاہ نے یوحنا کو قید میں ڈال دیا۔ ہیرودیاس نے یوحنا کے الزام کو دل میں رکھا۔ جب اُس کی بیٹی سلومی نے جو فلپس سے پیدا ہوئی تھی، دربار میں ناچ کر بادشاہ ہیرودیس انتپاس کو خوش کِیا تب سلومی کی ماں نے اُسے سکھایا کہ وہ یوحنا اصطباغی کا سر مانگ لےاوریوحنا اصطباغی اس خاندان کی سیاست کے باعث قتل ہوا۔

ارخلاؤس ، ہیرودیس اعظم کا بڑا بیٹا تھا جو اپنے باپ کی وفات کے بعد فلسطین کا بادشاہ مقرر ہواتھا۔ اور جب مریم اور یوسف ہیرودیس اعظم کے دور میں مصر کو چلے گئے تھے۔ تو اُس کی وفات کے بعد جب اُس کا بیٹا ارخلاؤس اُس کی جگہ حکومت کرنے لگا تو پھر واپس اُس جگہ آنے سے ڈرے اور ناصرۃ نام شہر میں جا کر رہنے لگے۔کیونکہ ہیرودیس اعظم کی وفات کے بعد اُنہیں یہ ہدایت ملی کہ بچے کو لے کر مصر سے واپس آئیں۔ یوں مریم اور یوسف نے فلسطین کے علاقے بیت لحم میں جانے کی بجائے گلیل کے صوبہ کے شہر ناصرۃ کا رخ کِیا۔

اعمال کی کتاب میں قیصریہ نام کے دو شہروں کا ذکر ہے۔ جن میں ایک قیصریہ ہے جس کا ذکر ہم آج اعمال ۲۵ ویں باب میں پڑھ رہے ہیں۔ اور کُرنیلیس اسی شہر کا رہنے والا تھا۔ یہ شہر بڑی بندرگار پر واقع تھا۔ اس کے علاوہ دوسرا شہر قیصریہ فلپی ہے۔ یہ فلسطین کا شمال مشرقی علاقہ تھا۔ یہ یہودیہ سے ذرا فاصلے پر واقع تھا۔ یہ وہی مقام ہے جہاں یسوع مسیح کے جواب میں پطرس نے کہا تھاکہ تُو زندہ خدا کا بیٹا مسیح ہے۔ متی کی انجیل میں پطرس اور یسوع مسیح کے مابین یہ گفتگو درج ہے۔

برنیکے اگرپا دوم کی بہن تھی۔ تاہم تاریخ میں اس کا کردار اچھا نہیں تھا۔ یہودی مورخ یوسیفس بیان کرتا ہے کہ یہ بدکار عورت تھی۔ اُس نے متعدد شادیاں کِیں ۔اگرپا دوم پڑھا لکھا شخص تھا۔ اور وہ نیرو قیصر کے ساتھ پلا بڑا تھا۔ علمی اعتبار سے اگرپا دوم ایک قابل شخص تھا۔ اعمال ۲۵ ویں باب کی ۱۳ ویں آیت میں اسی اگرپا کا ذکر ہے۔ اس نے نیرو کے ساتھ دوستی کی وجہ سے قیصریہ فلپی کا علاقہ نیرو کے نام پر نیرو نیاس رکھ دیا۔ یروشلیم کا علاقہ اس کے ماتحت نہیں تھا کیونکہ یہ یہودیہ میں آتا ہے۔ اور یہودیہ فیستس کے ماتحت تھا۔

''اور کچھ دن گزرنے کے بعد اگرپا بادشاہ اور برنیکے نے قیصریہ میں آکر فیستُس سے ملاقات کی۔ؔاور اُن کے کچھ عرصہ وہاں رہنے کے بعد فیستُس نے پولس کے مقدمہ کا حال بادشاہ سے یہ کہہ کر بیان کِیا کہ ایک شخص کو فیلکس قید میں چھوڑ گیاہے۔ؔ جب مَیں یروشلیم میں تھا تو سردار کاہنوں اور یہودیوں کے بزرگوں نے اُس کے خلاف فریاد کی اور سزا کے حکم کی درخواست کی۔ؔ اُنکو مَیں نے جواب دیا کہ رُومیوں کا یہ دستور نہیں کہ کسی آدمی کو رعایتہً سزا کے لئے حوالہ کریں جب تک کہ مُدعا علیہ کو اپنے مُدعیوں کے رُو برُو ہو کر دعویٰ کے جواب دینے کا موقع نہ ملے۔ پس جب وہ یہاں جمع ہوئے تو مَیں نے کچھ دیر نہ کہ بلکہ دوسرے ہی دن تختِ عدالت پر بیٹھ کر اُس آدمی کو لانے کا حکم دیا۔ؔ'' (اعمال25:13-17)

فیستُس کی عدالت میں پولس کی پہلی پیشی کے کچھ دن بعد اگرپا دوم اور اُس کی بہن برنیکے نئے تقرر پر فیستس کو مبارکباد دینے قیصریہ میں آئے۔ قیصریہ میں انہوں نے کافی دن گزارے۔ اس دوران فیستُس نے

فیصلہ کیا کہ پولس نام قیدی کے مقدمے کے سلسلے میں جو مشکل ہے وہ اگرِپا سے بیان کرے۔ پہلے تو اُس نے بیان کِیا کہ یہودی مطالبہ کرتے ہیں کہ مقدمہ کی باضابطہ کاروائی کے بغیر ہی پولس کو سزا کا حکم سنایا جائے۔ پھر اُس نے مزید بتایا کہ اُس نے کس طرح باضابطہ پیشی پر اصرار کِیا کہ مُدعا علیہ کو اپنے مُدعیوں کے رُوبرو ہو کر دعویٰ کے جواب دینے کا موقع ملا تاکہ اپنادفاع کر سکے۔

فیستُس جانتا تھا کہ اگرپا دوم کس قدر صاحب اختیار اور خاندانی سیاستدان ہے اور وہ نیرو قیصر کے ساتھ اُس کے ذاتی تعلقات سے بھی واقف تھا۔ پس اُس نے اپنے دفاع میں بات کی۔ اور پولس کے بارے میں سارے مقدمہ کی خبر سنائی اور پولس کے مقدمہ کا سارا حال بھی بیان کِیا۔

جن معاملات کو اب اگرپا کے سامنے بیان کِیا جا رہا تھا خوشخبری کی گواہی کے لئے یہ وقت بڑی قیمتی تھا کیونکہ اِس کے چند سال بعد ہی رومیوں کے ساتھ یہودیوں کی جنگ ہوئی اور یروشلیم کی ہیکل مکمل طور پر مسمار کر دی گئی۔ اس بات میں فیستُس نے پولس کے مقدمہ کا سارا حال بیان کِیا جس میں پولس نے یہودیوں کی طرف سے لگائے گئے الزامات کو بے بنیاد قرار دیا۔ اور یہودی کوئی بھی الزام پولس پر ثابت نہیں کر سکے ۔ فیستس نے اگرپا سے پولس کا حال بیان کِیا اور اُس سے مشورہ لینا چاہا کہ وہ پولس کے مقدمہ کے نتیجہ کس طرح اخذ کرے۔ اُس نے بیان کِیا کہ وہ مدعیوں اور ملزم کی پیشی کی کاروائی کر چکا ہے۔ اور پولس پر کسی قسم کا ایسا قصور ثابت نہیں ہوتا۔

''مگر جب اُس کے مدعی کھڑے ہوئے تو جن برائیوں کا مجھے گمان تھا اُن میں سے اُنھوں نے کسی کا الزام اُس پر نہ لگایا۔'' (اعمال 25:19)

فیستُس نے مزید بیان کیا کہ جب پیشی ہوئی تو اُسے معلوم ہوا کہ قیدی حکومت کے خلاف کسی قسم کے جرم میں ملوث نہیں۔ جو کچھ فیستُس کی توقع تھی، یہودیوں کے الزامات اور موقف بالکل فرق تھا۔ کیونکہ پولس کسی معاشرتی گناہ کا مرتکب نہیں تھا۔ اور نہ ہی اُس نے رومی حکومت کے قوانین کی خلاف ورزی تھی۔ بلکہ یہ محض یہودیوں کا حسد تھا۔ جس کے باعث وہ پولس کے خلاف بولتے اور اُسکے قتل کے خواہاں تھے۔

فیستُس نے یہ باتیں اگرپا سے یہ باتیں اسلئے بیان کیں کیونکہ اُس کا خاندان ایک صدی سے اس خطہ زمین پر حاکم تھا۔ اور وہ اس سرزمین بالخصوص یہودی قوم کے بارے میں جانتے تھے۔لٰہذا فیستُس نے خیال کیا کہ وہ اگرپا سے مدد لے تاکہ پولس کے بارے میں بہتر فیصلہ کر سکے۔

''بلکہ اپنے دین اور کسی شخص یسوع کی بابت اُس سے بحث کرتے تھے جو مر گیا تھا اور پولس اُسے زندہ بتاتا ہے۔'' (اعمال25:19)

اس آیت میں مذکور پولس کا ایمان ہی تمام یہودی اور رومی عدالتوں میں مقدمہ کا باعث بنا ہوا تھا۔ یسوع مسیح کا نام ہی یہودیوں کے نفرت کا باعث تھا۔ کیونکہ اس پہلے بھی سنہیڈرن یسوع مسیح کی مصلوبیت کا سبب تھی۔ اور پولس اس یسوع مسیح کی قیامت کا گواہ تھا۔ کہ وہ جی اُٹھا ہے۔ یوں پولس رسول یسوع مسیح کے نام کی منادی کر رہا تھا۔ لیکن یہودی اس بات پر غضب ناک تھے کیونکہ پولس کی منادی اور یسوع مسیح

کے نام کی گواہی کے باعث بہت سے یہودی یسوع پر ایمان لا چکے تھے۔ جب سے پولس پر مقدمہ کیا جا رہا ہے پہلی بار یسوع کا نام شامل کیا گیا ہے۔ جس کی قیامت کا پولس گواہ ہے۔ اور یہودی اُس کے خلاف ہیں اور یسوع کے حق میں اُس کی قیامت قبول نہیں کرتے ۔

یہ وہ گواہی تھی جو اُس نے دمشق کی راہ میں اپنی آنکھوں سے دیکھی اور اُس پر ایمان لایا تھا کہ یسوع مسیح مر گیا تھا، اور اب زندہ ہے۔ کیونکہ یسوع مسیح اُس پر ظاہر ہوا تھا، جب پولس دمشق کی راہ میں جا رہا تھا تاکہ مسیحیوں کو قتل کرے اور یسوع مسیح ناصری کے نام پر ایمان لانے والوں اور اس طریق کے ماننے والوں کو دکھ دے اور اُنہیں باندھ کر لائے اور یروشلیم میں بزرگوں کے سامنے حاضر کرے۔ لیکن پولس ابھی دمشق میں داخل نہیں ہوا تھا جب خداوند یسوع مسیح کی اُس پر ظاہر ہوا اور فرمایا کہ اے ساؤل! اے ساؤل! تُو مجھے کیوں ستاتا ہے؟ اور ہم اس سے پہلے بھی کئی بار مسیحی علمِ الٰہی کے مطابق یسوع مسیح کے مُردوں میں جی اُٹھنے کا ذکر ہم کر چکے ہیں۔ اور یسوع مسیح کے ظہور کا بھی ذکر کیا ہے کہ کس طرح پولس کے ساتھ یسوع مسیح نے ملاقات کی۔ اور ہم کلیسیا کے بیان میں یسوع مسیح کا ذکر کر چکے ہیں کہ کلیسیا مسیح کا بدن ہے۔ ہم اپنی اپنی جگہ اُس کے اعضا کے طور پر کلیسیا کی خدمت کرتے ہیں۔ یسوع مسیح کلیسیا کا سر ہے۔ اور ہم اُس کے اعضا ہیں۔

لٰہذا جب بھی یسوع مسیح کی قیامت کی بات ہوتی ہے۔ وہ یسوع مسیح کی قیامت کے حق میں دلائل دیتا ہے۔ اوراس بات کو ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ تاہم فریسیوں کے سوا کوئی بھی مُردوں کی قیامت کو نہیں

مانتا، صدوقی اس بات میں پولس کی مخالفت کرتے ہیں کیونکہ وہ فرشتوں اور مُردوں کی قیامت کو نہیں مانتے۔ لیکن یہ بات ہمارے ایمان کو تقویت دیتی ہے کہ مسیح مُردوں میں سے جی اُٹھنے والوں میں پہلوٹھا ہے۔

اور اُس پر ایمان رکھنے کے باعث ہم بھی مُردوں میں سے جی اُٹھیں گے۔ یہاں فیستُس نے بالخصوص یسوع کا نام لے کر اگرپا بادشاہ کو رپورٹ دی کہ وہ یسوع نام کی جی اُٹھنے کی بابت قید میں ہے۔ اور یہودیوں نے پولس پر اس بات کا مقدمہ کیا ہے۔

مُردوں کی قیامت پر تو فریسی بھی ایمان رکھتے تھے۔ فریسی مکتبہ فکر کے لوگوں کی کثرت تھی۔ اور وہ موسیٰ کی شریعت کے ساتھ ساتھ انبیا کے صحائف پر بھی ایمان رکھتے تھے۔ جبکہ صدوقی نبیوں کے صحائف پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔یسوع مسیح کے جی اُٹھنے اور مُردوں میں سے جی اُٹھنے کے حق میں پولس کے دلائل واضح تھے۔ اور کوئی بھی اُس کے دعوؤں کے جواب کی نفی نہیں کر سکا۔ یعنی یہودی جو الزام پولس پر لگارہے تھے اُن میں سے کوئی بھی پولس کے خلاف ثابت نہیں کر سکے تھے۔ پولس رسول مسیحی ایمان سے پہلے بھی ایمان رکھتا تھا کہ خدا کے پاس مُردوں کی قیامت کا اختیار ہے۔ اور اب پولس اس بات کا بھی گواہ تھا کہ خدا نے پولس کے حق میں اس بات کو سچ کر دیا کہ اُس نے یسوع مسیح ناصری کو مُردوں میں سے جِلایا۔

جب ہم پڑھتے ہیں کہ خدا نے یسوع مسیح ناصری کو مُردوں میں سے جِلایا تو پولس نے مسیحی علمِ الٰہی کو پیش کرتے ہوئے انبیا کی پیشن گوئیوں کا ثبوت دیتے ہوئے یہودیوں پر یسوع مسیح کی قیامت کا ذکر کیا۔ یقیناً

مسیحیوں کے لئے بات ایمان افروز ہے۔ لیکن یہودیوں کے لئے یہ بات غیظ و غضب کی تھی۔ وہ یسوع مسیح کی قیامت کی گواہی دینے پر پولس کے خلاف تھے۔

پولس رسول اِس بات کی گواہی دے رہا تھا کہ خُدا نے یسوع کو مُردوں میں سے جِلایا ہے۔ پولس کے خلاف مقدمہ کی یہ کیفیت تھی کہ خدا نے یسوع کو مُردوں میں سے جِلایا ہے۔ یہاں بات واضح ہو کہ پولس فریسیوں کی طرح مُردوں کی قیامت کی عمومی بات نہیں کر رہا تھا بلکہ وہ بالخصوص یسوع مسیح کا نام لے مُردوں کی قیامت کی گواہی دے رہا تھا اور یسوع مسیح کے حق میں یہ کہتا تھا کہ خدا نے اُسے مُردوں میں سے جِلایا ہے۔ کیونکہ وہ براہِ راست یسوع مسیح ناصری سے ملاقات کر چکا تھا۔ اور اُسے دیکھ لِیا تھا۔

پولس رسول نے اتھینے میں بھی یسوع مسیح کے مُردوں میں سے جی اُٹھنے کی گواہی دی ۔ اسی طرح بعد ازاں کلیسیا کے بزرگوں نے بھی یسوع مسیح کے حق میں یہ گواہی دی۔ تیسری صدی مسیحی میں ترطلیان نے بھی مسیح کے حق میں قیامت کا باقاعدہ مضمون لکھا۔

فیستُس اس آیت مذکورہ میں یسوع مسیح کے ناصری کے بارے میں بیان کرتا ہے جس کے حق میں پولس گواہی دیتا ہے کہ خدا نے اُسے مُردوں میں سے جِلایا ہے۔ رومی زمانہ میں یسوع مسیح سے صلیبی موت سے پہلے رومیوں نے بہت سے باغی یہودیوں کو مصلوب کیا تھا۔ اُن دنوں میں یہ سزا رومی حکومت کی طرف سے سزائے موت تھی۔ لیکن یہودیوں نے یسوع مسیح کو خود مصلوب کروایا۔ اور اُس کے حق میں حکومت کو اپیل کی، اور لوگوں سے گورنر کے سامنے بلوا کروایا کہ یسوع مسیح مصلوب ہو۔

فیستُس یہ فیصلہ کرنے کے لئے مشکل تھا کہ پولس کا مقدمہ کیا ہے، جس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ مُردہ ہے پولس اُس کے حق میں کہتا ہے کہ وہ زندہ ہے۔

''چونکہ مَیں ان باتوں کی تحقیقات کی بابت اُلجھن میں تھا اسلئے اُس سے پوچھا کیا تُو یروشلیم میں جانے کو راضی ہے کہ وہاں اِن باتوں کا فیصلہ ہو؟۔'' (اعمال25:20)

پولس رسول یسوع مسیح کی قیامت کا گواہ تھا اور مُردوں میں سے جی اُٹھنے کے باعث مسیحی علمِ الٰہی کی گواہی پیش کر رہا تھا۔ لیکن فیستُس اور پولس کے مدعی پولس کے خلاف تھے کہ پولس کیوں یسوع مسیح کو زندہ کہتا ہے ۔ فیستُس اس امر میں فیصلہ نہیں کر پا رہا تھا کہ پولس کے حق میں کیاکہے کیونکہ وہ دو برس سے قید میں تھا اور اُس پر کسی قسم کا کوئی معاشرتی الزام ثابت نہیں ہوا تھا۔

مسیح یسوع کو بھی یہودیوں نے اپنی غضب کا نشانہ بنایا اور گورنر پیلاطس کی حکومت میں اُسے مصلوب کیِا گیا۔ اس کے بعد مسیحیوں کو ناصریوں کا بدعتی فرقہ قرار دیتے ہوئے ان کے خلاف بھی صف آرائی کی اور انہیں مارا ۔ ابتدا میں تو پولس خود علمبردار تھا کہ مسیحیوں کو مارے اور اُنہیں قتل کرے۔ ستفنس کو یہودیوں کو قتل کیِا اور پولس کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ بھی پولس کے قتل پر راضی تھا۔ جب پولس منادی کرنے لگا تو بہت سے کلیسیاؤں کو قائم کیِا اور پولس نے غیر قوم لوگوں کی ایذا رسانی برداشت کی اس کے ساتھ اُس نے یہودیوں سے بھی دکھ سہے۔ یروشلیم میں جب پولس ایک لمبے عرصہ کے بعد داخل ہوا ہے تو اُس کے خلاف لوگوں نے بلوا کیِا اور ایک بڑا ہجوم اکٹھا ہوا تاکہ پولس کو ماریں ۔ اور اُسے قتل کر ڈالیں۔

فیستُس نے اگرپا کو بتایا کہ اُس نے پولس کو یروشلیم بھیجنے کی پیش کش کی تھی۔ مگر پولس نے انکار کیا۔

پولس کی منادی یہ رہی ہے کہ خدا نے یسوع مسیح کو مُردوں میں سے جِلایا ہے اور وہ یسوع مسیح کے وسیلہ سے کلیسیا کو قائم کر کے اپنی جماعت تیار کرنا چاہتا ہے۔ تاکہ یسوع مسیح کے وسیلہ سے وہ لوگوں کو نئی زندگی اور ابدی بادشاہی میں داخلہ کی خوشخبری دے۔

پولس نے فیستُس کی پیشکش نا منظور کی کیونکہ وہ جانتا تھا کہ یہودی اُسے قتل کرنا چاہتے ہیں۔ اور وہ راہ میں اُسے ہلاک کر دیں گے۔ کیونکہ پہلے بھی ایسا ہو چکا تھا جب پولس کو خبر دی گئی تھی کہ یہودی صدر عدالت کے لوگ اُسے قتل کرنا چاہتے ہیں۔ تو رومی سردار نے پولس کو یروشلیم سے قیصریہ میں بھیج دیا تھا اور یہ مقدمہ فیلکس کے سامنے پیش کیا کہ وہ فیصلہ کرے۔ یوں فیستُس ان تمام باتوں کا بیان اگرپا کے سامنے کر رہا تھا۔اور سارے مقدمہ کی تفصیل بیان کی۔

،،مگر جب پولس نے اپیل کی کہ میرا مقدمہ شہنشاہ کی عدالت میں فیصل ہو تو مَیں نے حکم دیا کہ جب تک اُسے قیصر کے پاس نہ بھیجوں وہ قید رہے۔ اگرِپا نے فیستُس سے کہا مَیں بھی اُس آدمی کی سُننا چاہتا ہوں۔اُس نے کہا تُو کل سُن لے گا۔ '' (اعمال25:21-22)

پولس رسول گزشتہ دو برس سے قید میں تھا۔ اور اُس کے بارے میں رومی حکمران ابھی تک کسی فیصلہ پر نہیں پہنچے تھے۔ کیونکہ پولس نے یروشلیم جانے کی بجائے اپیل کی اُس کا مقدمہ شہنشاہ کے سامنے پیش کیا جائے لیکن پولس پر کسی قسم کا مقدمہ ثابت نہیں ہوا تھا۔ اور فیستُس اس فکر میں تھا کہ اُس پر کیا الزام لگا

کر اُسے قیصر کے پاس بھیجے۔ بغیر کسی جرم کے ثابت ہونے سے وہ کیونکر پولس کو قیصر کے سامنے بھیجتا۔ یوں فیستُس پولس کا فیصلہ کرنے کے لئے پریشان ہوا۔ اگرپا سے اُس نے یہ بات اس لئے بیان کی کہ پولس کے بارے میں اگرپا کوئی بہتر حل تلاش کرنے میں مدد دے گا۔ کیونکہ پولس رسول عام شخص نہیں تھا بلکہ وہ رومی شہری تھا۔ اور پیدائیشی طور پر رومی شہریت کا حق رکھتا تھا۔ بغیر وجہ کے پولس کو اتنا عرصہ قید میں رکھنا بھی درُست نہیں تھا۔ تاہم پولس نے قید میں بھی خداوند خدا کی کلیسیا کی خدمت کی۔ اور کلیسیاؤں کو خطوط لکھے۔ تاکہ اُن کی روحانی نشوونما جاری رہے۔ اور وہ مسیح یسوع میں ترقی کرتے رہیں۔

پولس کے ابھی تک جیل میں رکھنے کی ایک ہی وجہ تھی کہ وہ ناصریوں کے بدعتی فرقہ کا سرگروہ ہے۔ اور اُس کے باعث بہت سی کلیسائیں قائم ہو چکی تھی۔ رومیوں کو یہ گمان تھا کہ کہیں اُس کی وجہ سے حکومت کے خلاف بغاوت کا عَلم نہ بند ہو جائے۔ پولس قید میں بھی اس فکر میں تھا کہ وہ خدا کے جلال کے لئے اَور کیا کرے۔ یوں وہ کلیسیاؤں کے نام خطوط لکھتا ہے۔ اور اُنہیں بہت سے باتوں کی نصیحت کرتا ہے۔ کلیسیا زندگی میں ان کے کردار اور ایمان پر قائم رہنے کی تلقین کرتا ہے ۔ پولس اس بات کے لئے خداوند خدا سے سوال و جواب نہیں کرتا اور نہ ہی اتنا عرصہ قید میں رہنے کی وجہ سے وہ خداوند سے خفا ہوتا ہے کہ وہ کس طرح رومہ میں پہنچے گا اور خداوند کے جلال کے لئے کام کریگا۔ اگرپا پیدائیشی اعتبار سے اس خطہ کا رہنے والا تھا۔ اور چونکہ وہ خاندانی طور پر سیاست میں تھا۔ وہ اس خطہ کے لوگوں کے رہن سہن اور معاشرتی اور مذہبی ماحول سے واقف تھا۔ یوں فیستُس نے چاہا کہ وہ اگرپا سے مدد اور رہنمائی لے کہ پولس کے حق میں کیا فیصلہ کرے۔

''پس دوسرے دن جب اگرِپا اور برنیکے بڑی شان و شوکت سے پلٹن کے سرداروں اور شہر کے رئیسوں کے ساتھ دیوان خانے میں داخل ہوئے تو فیستُس کے حکم سے پولس حاضر کِیا گیا۔''(اعمال25:23)

دوسرے دن ایک باقاعدہ سماعت کا بندوبست کِیا گیا۔ اگرپا اور برنیکے بڑی شان و شوکت سے پلٹن کے سرداروں اور شہر کے رئیسوں کے ساتھ دیوان خانہ میں داخل ہوئے۔ اِس کے بعد پولس حاضر کِیا گیا۔

لوقا یہاں پولس کے کردار کی خوبی بیان کر رہا ہے جب خداوند خدا نے اُسے بُلایا تو اُس نے پورے طور پر خداوند کی خدمت کی اور اُس کے جلال کے لئے ہر مشکل برداشت کی۔ پولس کے مسیحی کردار کے باعث مسیحیت میں ایک بڑی تبدیلی واقع ہوئی۔ پولس نے مسیحی ایمان اور مسیحی علمِ الٰہی کے لئے فعال کردار ادا کیا ہے۔ اور بہت سے رُوحانی اصول وضع کئے جنہیں کلیسیا آج بھی مانتی اور ان پر عمل کرتی ہے۔ لوقا براہِ راست تو پولس کے بارے میں ایسے الفاظ تحریر نہیں کر رہا۔ لیکن پولس کی خدمت کا جو ریکارڈ اُس نے جمع کِیا ہے وہ قابلِ تعریف اور قابلِ تقلید ہے تاکہ ہم بھی یسوع مسیح کے نام کی منادی کریں اور اُس کے جلال کے لئے زندگی بسر کرتے ہوئے گواہی دیں۔

خداوند خدا عظیم خدا ہے۔ وہ اُن سب کے ساتھ رہتا ہے جو اُس پر توکل کرتے ہیں اگرچہ پولس قید میں ہے۔ لیکن خدا اُس سے دستبردار نہیں۔ وہ اپنے لوگوں کی فکر کرتا ہے۔ پولس کی خدمت کے بارے میں لوقا کی انجیل میں بڑی تسلی بخش بات ملتی ہے۔ پولس رسول خدمت میں وفادار ہے۔ وہ قید کی مشکلات میں بھی اُس ذمہ داری سے غافل نہیں ہے جو اُسے کلام کی خدمت کے لئے دی گئی ہے۔ پولس کی خدمت

کے باعث انسانی تاریخ میں ایک بڑی تبدیلی آئی۔ اور اُس نے دُور دراز کے علاقوں میں خوشخبری کے وسیلہ سے کلیسیا قائم کی۔ پولس رسول اور دوسرے رسولوں کی خدمت کی وجہ سے ہم لوگوں کی زندگی میں تبدیلی دیکھتے ہیں۔ کُرنیلیس رُومی عہدیدار تھا۔ اور اُس کے گھر میں بہت سے اَور بھی غیر قوم لوگ موجود تھے۔ جنھوں رُوح القدس پایا۔اور پنیتی کوست کا تجربہ حاصل کِیا۔

لُدیہ جو قرمز بیچنے والی تھی۔ یہ فلپی میں رہتی تھی۔ وہ خدا ترس عورت تھی یعنی یہودی مذہب کی نو مرید تھی اور پولس کی معرفت انجیل کا پیغام سن کر اپنے سارے خاندان سمیت مسیحی ہو گئی ۔ یہ حوصلہ افزا بات تھی کہ پولس کی منادی کی وجہ سے کتنے لوگ یسوع مسیح کو قبول کر چکے تھے۔

جس طرح بہت سے لوگوں نے خداوند یسوع کو قبول کِیا اور اُس کی عزت اور تعظیم کی۔ اسی طرح ہم بھی اُس کے پاک نام کی تعظیم اور بزرگی کریں اور اُس کے پاک نام کے وسیلہ سے ہم رُوحانی اورجسمانی برکات حاصل کریں۔

’’پھر فیستُس نے کہا اے اگرِپا بادشاہ اور اے سب حاضرین تم اس شخص کو دیکھتے ہو جسکی بابت یہودیوں کی ساری گروہ نے یروشلیم میں اور یہاں بھی چلاّ چِلاّ کر مجھے سے عرض کی کہ اسکا آگے کو جیتا رہنا مناسب نہیں۔‘‘ (اعمال25:24)

فیستُس نے پولس کی مقدمہ کی گذشتہ کاروائی اور مقدمہ کی صورت حال بیان کی۔ سنہیڈرن اور صدر عدالت کے بزرگ اور تمام اعلیٰ عہدے دار یہودی جن میں سردار کاہن بھی شامل تھا سب پولس کے خلاف تھے اور

پولس کی قتل کے خواہاں تھے۔ فیسٹُس سے پہلے یہ سب لوگ پولس کے خلاف فیلکس کی عدالت میں بھی حاضر ہوئے تھے۔ اور پولس کے قتل کے خواہاں تھے۔

''لیکن مجھے معلوم ہوا کہ اُس نے قتل کے لائق کچھ نہیں کیا۔۔۔'' (اعمال25:25)

اعمال کی کتاب میں لوقا کئی بار اس بات کا اندراج کر چکا ہے کہ مسیحیوں نے کبھی رومی حکومت کی خلاف ورزی نہیں کی۔ بالخصوص پولس کے حق میں بیان کرتا ہے کہ وہ بے قصور ہے اور اُس پر کسی قسم کا الزام بھی ثابت نہیں ہوا تھا۔ سب سے پہلے رومی سردار کلودیس لُوسیاس کے رُو برو ایک بڑا ہنگامہ ہوا جس میں پولس کو ہیکل میں سے لوگوں نے باہر نکالا اور اُسے مارنا چاہتے تھے۔ سب یہودی اُس کے خلاف تھے۔ لیکن ہیکل کے عقب میں واقعہ انطونیہ کے قلعہ میں واقع چوکی میں موجود سپاہیوں نے پولس کو فوراً حراست میں لے لیا۔ اور پولس کو ان یہودیوں سے بچایا۔ لیکن وہ بھی پولس کے حق میں تھا۔ اُس نے بھی پولس کو کسی معاشرتی برائی کا سرگنا نہیں پایا۔ پس اُس نے اس معاملہ کی تحقیق اور فیصلے کے لئے پولس کو فیلکس کے ہاں بھیج دیا۔ کیونکہ لوگ پولس کو قتل کرنا چاہتے تھے اور یروشلیم میں اُس کے خلاف منصوبہ بندی کی گئی تھی۔ تاکہ اُسے قتل کریں۔اور ہلاک کردیں۔

فیلکس حاکم نے بھی پولس میں کچھ جرم نہیں پایا۔ بلکہ اُس نے پولس سے مسیح یسوع کے بارے میں اور پولس کے دین کی کیفیت کے بارے میں جاننا چاہا۔ لیکن فیلکس کی عدالت میں بھی یہودی اُس کے خلاف کسی جرم کو ثابت نہیں کر پائے تھے۔ اور اب یہ مقدمہ فیسٹُس کی موجودگی میں فیصل ہونے کے لئے آیا تھا۔

پولس پر کوئی جرم ثابت نہیں ہوا تھا۔ وہ بے گناہ تھا۔ یہودی رومی حکومت کے ماتحت تھے ۔ تو بھی اپنا سیاسی اثرو رسوخ قائم رکھتے تھے۔ اور رومی گورنر کو یہودی صدر عدالت کے ساتھ تعاون کرنا پڑتا تھا۔ یہودیوں نے رومی حکومت سے مذہب کی سرکاری طور پر منظوری لے رکھی تھی۔ اور حکومت کی ذمہ داری تھی کہ یہودی صدر عدالت کے ساتھ تعاون کرے۔ یوں یہودی اپنے مقدمات کی پر زور پیروی کرتے تھے۔ اب رومی حکومت کے باعث یہودی بڑی شدت سے منتظر تھے کہ اُن کا ملک بحال ہو۔ اور وہ از سرِ نو ملک کی سیاسی صورت حال کو آزادانہ طور پر قائم کریں۔

لیکن پولس کے خلاف کسی قسم کا کوئی جرم ثابت نہیں ہوا تھا۔ وہ بے گناہ تھا۔

''۔۔۔اور جب اُس نے خود شہنشاہ کے ہاں اپیل کی تو مَیں نے اُس کو بھیجنے کی تجویز کی۔اُس کی نسبت مجھے کوئی ٹھیک بات معلوم نہیں کہ سرکارِ عالی کو لکھوں۔۔۔۔'' (اعمال25:25-26)

کسی بھی مقدمہ کا انحصار اس بات پر ہے، کہ جرم کیا ہے اور مجرم پر کیا کچھ ثابت ہوا ہے۔ جرم کی کیفیت اور جرم کے ثابت ہونے کے بغیر کوئی وجہ نہیں بنتی کہ سزا سنائی جائے۔ اب پولس کے بارے میں فیلکس کو کلودیس نے بھی خط لکھا اور ساری وجوہات بیان کیں۔ اور پولس کے معاملہ سے آگاہ کِیا لیکن وہ بھی اس نتیجہ پر پہنچا تھا کہ اُس نے کوئی ایسا جرم نہیں کِیا کہ اُسے سزا سنائی جائے۔ فیلکس کی عدالت میں ترطُلس نے بھی نے بھی فیلکس کی عدالت میں بحث کی۔ لیکن پولس پر لگائے گئے مختلف قسم الزامات کا تعلق مذہب سے تھا نہ کہ معاشرتی۔ اور ہر دو طرح کے الزامات بے بنیاد تھے۔ پولس پر کوئی بھی جرم ثابت نہیں کِیا گیا تھا۔

فیستُس اب کشمکش میں تھا کہ وہ شہنشاہ کو پولس کے مقدمہ کے بارے میں کیا لکھے۔ اور کس وجہ کی بنیاد پر اُس کا مقدمہ شہنشاہ کے پاس بھیجے۔ کلودیس لوسیاس نے بھی بغیر فیصلہ کئے پولس کے مقدمہ کو فیلکس کے پاس بھیج دیا۔ اور خط میں سارے معاملہ کی تفصیل لکھی۔ فیستس اس بات کے لئے کوئی فیصلہ نہیں کر پا رہا تھا اسی لئے اُس نے شہر کے تمام رئیسوں اور اعلیٰ حکام جو جمع کیا تاکہ اگرپا کی موجودگی میں سب سے مشورہ لے اور پولس کے بارے میں نتیجہ خیز فیصلہ کرے۔

''۔۔۔ اس واسطے مَیں نے اُس کو تمہارے آگے اور خاص کر اے اگرِپا بادشاہ تیرے حضور حاضر کِیا ہے تاکہ تحقیقات کے بعد لکھنے کے قابل کوئی بات نکلے۔'' (اعمال25:26)

یہاں سب اعلی عہدیداران کو بُلانے کا مقصد یہ نہیں تھا کہ پولس پر سزا کا حکم دیا جائے۔ بلکہ پولس نے شہنشاہ کے ہاں اپیل کی تھی ۔اور فیستس نے خود پولس میں کوئی قصور نہیں پایا تھا۔ اب وہ اُسے شہنشاہ کے ہاں بھیجنے کے لئے بھی کوئی مناسب وجہ کی تلاش میں تھا۔ اگرپا سے مدد لینے کی وجہ یہ تھی کہ وہ ایک عرصہ سے یہودی کی تاریخ سے واقف تھا اور اُن میں رہتا تھا یوں فیستس نے اُس سے مدد لینا چاہی تاکہ پولس کے حق میں بہتر فیصلہ کرے۔ اگرپا پیدایشی طور پر اسی خطہ سے تعلق رکھتا تھا۔ اور اس سے پہلے اُس کے باپ نے اسی خطہ پر بادشاہی کی۔ یوں اگرپا اس یہودیوں کے طرزِ زندگی اور طرزِ معاشرت سے بخوبی واقف تھا۔ اوراُن کے مذہبی عقائد سے بھی واقفیت رکھتا تھا۔

فیستس اب پھر مقدمہ کی کاروائی سب رئیسوں اور اعلیٰ عہدیداروں کے سامنے بیان کر رہا تھا اور اُس نے بتایا کہ یہودیوں کا سخت اصرار ہے کہ پولس کو سزائے موت دی جائے۔ لیکن مجھے معلوم ہوا ہے کہ اُس نے قتل کے لائق کوئی کام نہیں کیاِ اس کے علاوہ پولس نے قیصر کے ہاں اپیل کی ہے۔ لیکن مسئلہ یہ تھا کہ پولس کی اپیل نےاُسے مجبور کر دیا تھا کہ اُسے قیصر نیرو کے پاس بھیجے، لیکن مقدمہ کے لئے مناسب قانونی بنیاد موجود نہ تھی۔

اگرپا اس خطہ کا باشندہ ہونے کے ساتھ ساتھ نیرو کے ساتھ پلا بڑا تھا۔ اور اگرپا کا باپ ہیردویس اعظم اس خط پر بادشاہی کے فرائض انجام دے چکا تھا یوں فیستُس کو توقع تھی کہ وہ پولس کے مقدمہ میں اُسکی مدد کرے

''کیونکہ قیدی کے بھیجتے وقت اُن الزاموں کو جو اُس پر لگائے گئے ہوں ظاہر نہ کرنا مجھے خلافِ عقل معلوم ہوتا ہے۔'' (اعمال25:27)

فیستُس نے صاف صاف کہہ دیا کہ اُسے امید ہے کہ اگرپا اس سلسلے میں مدد کریگا۔ کیونکہ یہ بات خلافِ عقل معلوم ہوتی ہے کہ قیدی کو تو بھیجا جائے مگر اُس کے الزامات کی وضاحت نہ کی جائے۔ یہ ساری باتیں مقدمہ کی کاروائی نہیں بلکہ زیادہ تر سماعت کی حیثیت سے کی گئیں۔ اس وقت یہودی موجود نہیں تھے کہ رسول پر الزامات عائد کرتے ۔

پولس کو دو سال گزر گئے تھے لیکن حیرانگی کی بات یہ تھی کہ پولس پر کسی قسم کے الزامات ثابت بھی نہیں ہوئے تھے اور وہ دو برس سے قید میں تھا آئینی اور قانونی اعتبار سے پولس کو قید میں رکھنے کی کوئی وجہ نہ تھی

''اگرِپا نے پولس سے کہا تجھے اپنے لئے بولنے کی اجازت ہے۔۔۔۔'' (اعمال26:1)

اس مجلس کے سامنے پولس کو بولنے کی اجازت دی گئی کہ وہ اپنے حق میں کچھ بیان کرے۔ پولس اس بات کو پہلے سے جان گیا تھا کہ وہ روم میں ضرور جائے گا۔ اس بات سے فیستس اور اگرپا بے خبر تھے۔ کیونکہ پولس رسول نے رویا میں یہ بات خداوند سے معلوم کر لی تھی۔ اور اُسے آگاہی ملی تھی کہ جس طرح اُس نے یروشلیم میں خداوند کے نام کی گواہی دی ہے اسی طرح اُسے رومہ میں بھی یسوع مسیح کے نام کی گواہی دینا ہو گی۔ اگرِپا کی حیثیت اس مقدمہ میں یہی تھی جو گورنر پیلاطس کے وقت ہیرودیس اعظم کی تھی جب یسوع مسیح کو مصلوب کِیا گیا تھا۔

اب فیستُس نے ہیرودیس بادشاہ اور کچھ اَور اعلیٰ عہدیداران کو بُلایا تھا کہ وہ اس مقدمہ کے لئے اُس کی مدد کریں۔ قانونی طور پر اس مقدمہ کے فیصلے کا اختیار فیستُس کو تھا۔ کیونکہ وہ قیصریہ کا گورنر تھا۔ اور یروشلیم اس کے ماتحت تھا۔

''۔۔۔پولس ہاتھ بڑھا کر اپنا جواب یوں پیش کرنے لگا کہ۔ اے اگرپا بادشاہ جتنی باتوں کی یہودی مجھ پر نالش کرتے ہیں آج تیرے سامنے اُن کی جوابدہی کرنا اپنی خوش نصیبی جانتا ہوں۔خاص کر اسلئے کہ تُو یہودیوں کی سب رسموں اور مسئلوں سے واقف ہے۔ پس مَیں مِنت کرتا ہوں کہ تحمل سے میری سُن لے۔'' (اعمال26:1-3)

اگرپا سے اجازت ملنے پر پولس نے اپنا جواب دینا شروع کیا۔اور ہاتھ بڑھا کر اپنا جواب پیش کرنے لگا۔ اُس کا جواب مسیح تجربے کا موثر اور ولولہ انگیز بیان تھا۔ پہلے تو اُس نے شکریہ ادا کیا کہ مجھے ایک ایسے شخص کے سامنے جوابدہی کا موقع ملا ہے۔ اگرپا کا یہ تعارف پولس کے مسیحی ادب و اخلاق کا بیان کرتا ہے۔ پولس بیان کرتا ہے کہ اگرپا نہ صرف رسموں سے واقف ہے بلکہ مسئلوں سے بھی واقفیت رکھتا ہے۔

اگرپا جانتا تھا کہ فریسی اور صدوقی آپس میں علمِ الٰہی کے تنازعہ رکھتے ہیں۔ اور چند ایک باتوں پر وہ ایک دوسرے سے اتفاق نہیں کرتے۔

''سب یہودی جانتے ہیں کہ اپنی قوم کے درمیان اور یروشلیم میں شروع جوانی سے میرا چال چلن کیسا رہا ہے۔ چونکہ وہ شروع ہی سے مجھے جانتے ہیں اگر چاہیں تو گواہ ہو سکتے ہیں کہ مَیں فریسی ہو کر اپنے دین کے سب سے زیادہ پابند مذہب فرقہ کی طرح زندگی گزارتا تھا۔'' (اعمال26:4-5)

جہاں تک پولس کے کردار کی بات ہے پولس شروع جوانی سے یا ابتدائی زندگی سے ایک مثالی یہودی تھا۔ اس بات کو یہودی بھی مانتے اور جانتے تھے کہ وہ کٹر قسم کا راسخ العقیدہ راہ پر چلتا تھا۔ اُس نے یہودیوں کی غیر موجودگی میں رومی سرداروں اور رئیسوں کے سامنے بڑی دلیری سے یہ سب کچھ بیان کیا۔ پولس کو فریسی ہونے پر فخر تھا۔ پولس اب بھی مسیحی فریسی تھا۔ کیونکہ عقیدہ کے اعتبار سے وہ اب بھی قیامت کو مانتا تھا۔ کیونکہ مسیحی بھی قیامت پر ایمان رکھتے ہیں۔ پولس رسول اپنے خطوط میں بھی یسوع مسیح کی قیامت اور مُردوں کی قیامت کی بات کرتا ہے ۔ لوقا بھی پولس کی زندگی کے بارے میں اعمال کی کتاب میں بیان کرتا

ہے کہ اُس نے پورے طور پر مسیحی ایمان کے تابع زندگی گزاری اور مسیح یسوع کی قیامت کا گواہ اور یسوع مسیح کی خوشخبری کا علمبردار تھا۔ اسی بات کا تو اُس پر مقدمہ کِیا جا رہا تھا کہ وہ یسوع مسیح کی قیامت کی گواہی دے رہا ہے۔

یوحنا کی انجیل بھی یسوع مسیح کی الوہیت پر بات کرتی ہے کیونکہ باقی تمام اناجیل کی نسبت یوحنا کی انجیل میں مسیحی علمِ الٰہی کے عقائد کا زیادہ بیان ملتا ہے ۔ پولس رسول فریسی تھی اور اپنے فریسی ہونے کا اقرار کرتا ہے کیونکہ پولس بیان کرتا ہے کہ وہ سب سے زیادہ پابند مذہب فرقہ سے تعلق رکھتا ہے۔ پولس کے علاوہ چند اَور فریسیوں کا بھی بیان ملتا ہے ۔ جنہوں نے پولس کے بعد یسوع مسیح کو قبول کر لِیا تھا۔ لیکن اعمال کی کتاب میں ان کا ذکر نہیں آتا۔ اُن میں سے بیشتر یہودی صدر عدالت کے لوگ تھے۔

اگرپا اُس کی ساری بات کو سمجھ رہا تھا، پولس ایک وضع دار فریسی تھا۔ اور وہ صاحبِ حکمت تھا۔

''اور اب اُس وعدہ کی امید کے سبب سے مجھ پر مقدمہ ہو رہا ہے جو خدا نے ہمارے باپ دادا سے کِیا تھا۔'' (اعمال26:6)

اب اُس پر صرف اس وجہ سے مقدمہ چلا رہا تھا کہ وہ اُس وعدہ کی امید پر قائم تھا جو خدا نے باپ دادا سے کیا تھا یعنی خدا نے پرانے عہد نامہ کے بزرگوں سے جو وعدہ کِیا تھا پولس اُس کے پورا ہونے کی امید پر قائم تھا۔ پرانے عہدنامہ میں خدا نے اسرائیلی قوم کے رہبروں یعنی ابرہام، اور اضحاق اور یعقوب اور داؤد اور

سلیمان سے کئی وعدے کئے تھے۔ سب سے بڑا وعدہ موعودہ مسیح سے تعلق رکھتا تھا۔ کہ وہ اسرائیلی قوم کو خلاصی دلانے اور دنیا پر حکومت کرنے کے لئے آئے گا۔

پرانے عہدنامہ کے بزرگان اس وعدہ کی تکمیل کو دیکھے بغیر مر گئے۔ کیا اس کا مطلب ہے کہ خدا ان وعدوں کی شِقوں کو پورا نہیں کریگا؟ بے شک وہ پورا کرے گا لیکن کیسے پورا کریگا ؟ خدا اُن بزرگوں کو مُردوں میں سے زندہ کر کے اپنے وعدے پورے کریگا اسطرح پولس نے پرانے عہدنامہ کے مقدسین کے ساتھ وعدہ کو مُردوں کی قیامت سے منسلک کیا ہے۔ پولس رسول عبرانیوں کے ساتھ کئے گئے وعدوں کا ذکر کرتا ہے جو خداوند خد انے گزشتہ نسلوں سے کئے ہیں۔ خداوند خدا نے ان وعدوں میں ابنِ داوٗد کی معرفت بنی اسرائیل کی قوم کا وعدہ بھی کیا تھا۔ خداوند خدا نے موسیٰ کے ساتھ کیا ہوا وعدہ بھی پورا کیا کہ وہ اُس کی مانند اُس کے بھائیوں میں سے ایک نبی برپا کریگا۔ خداوند خدا نے موسیٰ کو شریعت عطا کی اور بنی اسرائیل کے لئے ایک لائحہ عمل دیا۔ کہ اُس پر عمل کریں اور روُحانی اور جسمانی برکات حاصل کریں۔ انبیا کا ظہور بھی بنی اسرائیل کے لئے ایک برکت تھی۔ یسوع مسیح ابن داوٗد کی بادشاہی اس جہان کی نہیں وہ ابدی جہان کا ابدی بادشاہ ہے۔

یوں خداوند خدا نے بنی اسرائیل کے برکات اور اُن کی نجات کے کئے ہوئے سارے وعدے پورے کئے۔ اور پورے کررہا ہے۔ بنی اسرائیل قوم خدا کی برگزیدہ قوم ہے، اور ان کے اندر یہ برکات اُن کے آباوٗ اجداد سے وعدوں کے نتیجے میں ملی تھیں۔ خداوند اب بھی بنی اسرائیل قو م سے دستبردار نہیں تھا بلکہ ان کو ابدی زندگی کی خوشخبری دینے کے لئے یسوع مسیح کو اس جہان میں بھیج دیا تھا۔

اور پولس ان وعدوں کے مطابق جان گیا تھا کہ یسوع مسیح خداوند ہے اور اب اُس کی ملاقات بھی ہو چکی تھی، یسوع جو مر گیا تھا اور اب زندہ ہے۔ اورپولس کو اُس نے اپنی خدمت کے لئے بُلایا اور مقرر کِیا کہ وہ غیر قوموں میں یسوع مسیح کے نام کی منادی کرے۔ پولس جانتا تھا کہ ان وعدوں میں بنی اسرائیل کے لئے امید باقی ہے۔ اور ان وعدوں کے باعث بنی اسرائیل اپنے آپ پر فخر کرتے اور خوشی کا اظہار کرتے تھے۔ اور خداوند خدا نے ہر زمانہ میں بنی اسرائیل کے ساتھ وعدے کئے اور انہیں پورا بھی کِیا ہے۔ انہیں کبھی نظر انداز نہیں کِیا سوائے اُس وقت کے جب انہوں نے خداوند کی نافرمانی کی۔ توبھی خداوند خدا نے اُن کی بحالی کی ہمیشہ فکر کی۔ اور انہیں غیر قوموں کے ہاتھ سے رہائی بخشی۔ اب پولس ابنِ داؤد یعنی یسوع مسیح کی قیامت پر ایمان رکھتا تھا اور اُس کی گواہی دے رہا تھا۔

پولس جس امید کا ذکر کر رہا ہے اُسی امید پر یقین اور بھروسہ رکھتا ہے ۔ کیونکہ جانتا ہے کہ اُسی کی گواہی دینے کے باعث اُس نے روحانی برکات حاصل کی ہیں۔ اور ابدی زندگی کا وارث ہو گا۔ کیونکہ کلام مجسم ہوا تھا اور یسوع مسیح نے جسم اختیار کر کے اس فانی جہان کے لئے نجات کا کام کِیا۔

یشوع کی کتاب میں خداوند خدا کی اُن تمام فتوحات کا ذکر ہے جو بنی اسرائیل قوم نے کیں۔ اور ملک کنعان میں بسنے کا ذکر ہے جس کا وعدہ بزرگوں سے کِیا گیا تھا اور خداوند خدا نے بنی اسرائیل قوم کو اُن کے آباؤاجداد کے ساتھ کئے گئے وعدے کے مطابق اُن کے ملک میں بسایا۔ یوں ہم کہہ سکتے ہیں کہ خداوند خدا وعدوں کا خدا ہے۔ وہ وعدے پورے کرتا ہے۔ اور اب پولس اُس امید کا بیان کر رہا ہے ۔ جو بنی اسرائیل کی ابدی نجات سے تعلق رکھتی ہے۔

افسیوں کے خط میں پولس افسیوں کو اس بڑی نجات اور امید کی خوشخبری دیتا ہے۔ افسس میں پولس نے خود بھی منادی کی اور کلیسیا قائم کی اور بعد ازاں اُس نے کلیسیا کی روحانی ترقی کے لئے خط بھی تحریر کِیا۔

پولس نے نہ صرف افسیوں کی کلیسیا کو خط لکھا بلکہ دوسری کلیسیاؤں کو بھی ان کی رُوحانی نشوونما کے لئے خطوط لکھے۔ تاکہ خداوند کے عرفان میں ترقی کریں۔

پولس نے ان باتوں کا اظہار بڑے خوبصورت انداز میں کِیا اور اس حقیقت کا انکار نہیں کِیا کہ یسوع ہی مسیح ہے۔ اور وہ نجات دہندہ ہے۔ بلکہ آگے چل کر ہم پولس کے اقرار کا برملا اظہار بھی دیکھیں گے۔

پولس جانتا ہے کہ وہ زندگی کو تبدیل کرنے کی قدرت رکھتا ہے۔ جس طرح پولس کی زندگی تبدیل ہوئی یہ اُس کے لئے معجزہ سے کم نہیں۔ اُس نے خداوند خدا کی قدرت کا تجربہ کِیا اور نہ صرف اپنے لئے بلکہ بہت سے غیر قوم لوگوں کی زندگی میں بھی اس تجربہ کو دیکھا اور محسوس کِیا اور ایمان رکھا کہ خدا اپنی قدرت کو ظاہر کرتا ہے ۔ خداوند خدا نے پولس کی زندگی تبدیل کی جب وہ دمشق کی راہ میں جا رہا تھا۔

''اُسی وعدے کے پورا ہونے کی امید پر ہمارے بارہ کے بارہ قبیلے دل و جان سے رات دن عبادت کِیا کرتے ہیں۔ اسی امید کے سبب سے اے بادشاہ! یہودی مجھ پر نالش کرتے ہیں۔'' (اعمال26: 7)

پولس رسول نے بارہ قبیلوں کی تصویر اس طرح پیش کی کہ وہ اسی وعدہ کے پورا ہونے کی امید پر دل و جان سے رات دن عبادت کرتے ہیں۔ یہودی قوم اس وقت تتر بتر تھی کیونکہ گزشتہ کئی سالوں سے غیر قوموں

کے ہاتھوں قبضہ میں تھے ۔اور ب رومی اُن پر حکومت کرتے تھے۔ وہ اس امید پر تھے کہ مسیح اُنہیں رہائی بخشے گا لیکن وہ خداوند خدا کے وعدوں کو پورے طور پر سمجھ نہیں رہے تھے۔

''جب کہ خد امُردوں کو جِلاتا ہے تو یہ بات تمہارے نزدیک کیوں غیر معتبر سمجھی جاتی ہے؟۔''
(اعمال8:26)

گریکو رومن لوگ قیامت پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔ بہت سی غیر اقوام جن میں پولس رسول منادی کر چکا تھا۔ وہ بھی مرُدوں کی قیامت پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔ مسیحی ایمان کے مطابق یہ فانی بدن مُردوں میں سے جی اُٹھے گا۔ ہر ایماندار اور غیر ایماندار رُوح زندہ ہو جائے گی۔سب کی قیامت ہو گی۔ بعض حیاتِ ابدی کے لئے اور بعض ابدی جہنم کی سزا کے لئے۔

جن لوگوں کے سامنے پولس رسول تقریر کر رہا تھا ان میں بیشتر لوگ گریکو رومن ایمان کے حامی تھے اور قیامت پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔ یوں ہم کہہ سکتے تھے کہ پولس در اصل ان سب کے سامنے قیامت کا پیغام پیش کر رہا تھا تاکہ جان لیں کہ آئندہ جہان کے بارے میں انہیں علم ہو۔ وہ یسوع مسیح کے تجسم کے بارے میں بھی ایمان نہیں رکھتے تھے کہ یہ کیونکر ہو سکتا ہے۔ اور کس طرح ممکن ہے۔ لیکن مسیحی اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ خداوند خدا نے یسوع مسیح کو اس جہان میں بھیجا۔ اُس نے جسم اختیار کیا۔ یوں مسیحی علمِ الٰہی مُردوں میں سے جی اُٹھنے اور آئندہ زندگی کا بیان کرتی ہے۔ جس میں سب خداوند خدا کے حضور میں حاضر ہونگے اور ایماندار ابدی زندگی میراث میں حاصل کریں گے۔

پولس بیان کرتا ہے کہ خدا مُردوں میں سے جِلاتا ہے۔ وہ ایمان رکھتا ہے کہ خدا مُردوں کو زندہ کرتا ہے۔ کیونکہ وہ اس بات کا دعوی دار ہے اور اُس نے خود اپنی آنکھوں سے یسوع مسیح کا نظارہ کِیا ہے۔پولس ان لوگوں کے سامنے زندہ خدا کی گواہی پیش کر رہا تھا۔ کیونکہ پولس جہاں کہیں گیا۔ اُس کی منادی کا مرکز یسوع مسیح کے نام کی گواہی دینا رہا ہے۔ اب وہ خداوند خدا کے گواہ کے طور پر عمومی مکاشفہ کا بیان کر رہا ہے۔ اور خداوند خدا کے بارے میں بیان کر رہا ہے۔ وہ مُردوں کو جلاتا ہے۔

''مَیں نے بھی یہ سمجھا تھا کہ یسوع ناصری کے نام کی طرح طرح سے مخالفت کرنا مجھ پر فرض ہے۔'' (اعمال 26:9)

قیامت کا ذکر کرنے کے بعد پولس رسول یسوع ناصری کا ذکر کرتا ہے۔ جس پر وہ ایمان رکھتا ہے۔ اُس نے یسوع مسیح کی قیامت کو دیکھا تھا۔ کہ خدا نے اُسے مُردوں میں سے جِلایا ہے۔ اس آیت میں پولس اپنے کردار کا ذکر کرتا ہے۔ اور ماضی کا بیان کرتا ہے جس میں وہ یسوع مسیح پر ایمان نہیں رکھتا تھا۔

''چنانچہ مَیں نے یروشلیم میں ایسا ہی کِیا اور سردار کاہنوں کی طرف سے اختیار پا کر بہت سے مقدسوں کو قید میں ڈالا اور جب وہ قتل کئے جاتے تھے تو مَیں بھی یہی رائے دیتا تھا۔''(اعمال26:10)

پولس رسول پھر اپنی حالاتِ زندگی کے بارے میں بیان کرتا ہے جس میں وہ مسیحی لوگوں کو یا ابتدائی کلیسیا کو دکھ دیتا رہا۔ اور انہیں مارتا اور ستاتا تھا۔ وہ پورے یروشلیم میں اس کام کو انجام دیتا تھا۔ اور اس کام میں نہایت سرگرم تھا۔ وہ یہودی نمائندہ تھا۔ اور نہ صرف کلیسیا کو ستاتا تھا بلکہ اُنہیں قتل کرتا تھا۔

ستفنس کا بیان ہم اعمال کی کتاب میں ہی پڑھتے ہیں جس کے قتل پر پولس بڑا راضی تھا۔ اور نہ صرف ستفنس بلکہ بہت سے دوسرے لوگوں کو بھی پولس نے ستایا اور ان پر ظلم کیئے۔ یوں اُس نے یہودیت کی بقا کے لئے کام کیا۔

''اور ہر عبادتخانہ میں اُنہیں سزا دِلا دِلا کر زبردستی اُن سے کُفر کہلواتا تھا بلکہ اُن کی مخالفت میں ایسا دیوانہ بنا کہ غیر شہروں میں بھی جا کر انہیں ستاتا تھا۔''(اعمال26:11)

